© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب و روز

## ایوان شریعت ہال میں طلباء کے لئے تقریب انعامات کا انعقاد:

جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے وسطانی امتحانات میں نمایاں پوزیشن لینے والے طلباء کے اعلانات اور تقسیم انعامات کے سلسلے میں ایوان شریعت ہال دارالحدیث میں ایک پروقار اور سادہ تقریب کا انعقاد ہوا۔ اس کی صدرات مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے فرمائی۔ اس موقع پر جامعہ حقانیہ کے نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں کے نتائج کی تفصیل اور دیگر نتائج کے طریق کار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ آخر میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے طلباء کو امتحانات کی اہمیت اور امت مسلمہ کو درپیش چیلنجوں سے آگاہ فرمایا۔ اور خصوصاً اساتذہ کے ذیلی کمیٹی و دفتر تعلیمات کی شبانہ روز مساعی پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

## دارالعلوم کے وسطانی امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء کے اسمائے گرامی:

(شعبہ حفظ) اول، عبدالحلیم ولد سفارش خان۔ دوم: سعید اللہ ولد فضل مولا۔ سوم: محمد ابراہیم ولد محمد اسحاق۔ سوم: علی محمد ولد امیر محمد۔ (اعدادیہ) اول: رحیم گل بن حاجی نذر گل، دوم: نورسید بن اخوند سید۔ سوم: مکمل خان بن شیر اکبر۔ (متوسطہ) اول: مطیع اللہ بن شربت خان۔ دوم: محمد یوسف بن گل یوسف۔ سوم: عاشق الرحمان بن دوست محمد۔ (اولی) اول: عبدالوحید بن منصف دار۔ دوم: شوکت علی بن عمرا خان۔ سوم: محمد اسد بن محمد رشید (درجہ ثانیہ:) اول: جمیل الرحمان بن بخت روان۔ دوم: جعفر خان بن عبدالغفور۔ سوم: زاہد الرحمان بن باغی گل۔ (ثالثہ) اول: امتیاز علی بن خان ترین۔ دوم: حمید الرحمان بن حبیب الرحمان۔ سوم: انعام الحق بن عبدالحق۔ (درجہ رابعہ) اول: شفیع الرحمان ولد گل رحمان۔ دوم: ضیاء الرحمان ولد دولت خان۔ سوم: فہیم عزیز بن عبدالعزیز۔ (خامسہ) اول: امین الرحمان بن مولانا بحرمند۔ دوم: محمد طاہر بن مہتاب الدین۔ سوم: محمد امجد بن وحید گل۔ (سادسہ) اول: اسد احمد بن دوست محمد۔ دوم: محمد علی بن حبیب اللہ۔ سوم: شمس الحق بن شمس العارفین۔ (تکمیل) اول: محمد کامل بن محمد عاقل۔ دوم: حمید اللہ بن عبداللہ۔ سوم: شاکر اللہ بن فیض اللہ (موقوف علیہ) اول: امجد علی بن محمد طاہر۔ دوم: فضل مولیٰ بن مفتی قمر زمان۔ سوم: محمد یعقوب بن اکبر سید۔ (عالمیہ) اول: محمد ریحان بن وزیر خان۔ دوم: سمیع اللہ بن حمید اللہ۔ سوم: فضل غنی بن مبارک دین۔ (تخصص فی الفقہ) اول: محمد ایاز بن جہانزیب۔ دوم: فضل غفار بن عقیل خان۔ سوم: سجاد اللہ ولد بن امان اللہ۔

© rasailojaraid.com